BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

برائے فوری اجراء

2019 کے ایکسیسبلٹی ایوارڈز میں معذور افراد کیلئے رسائی اور شمولیت کے روشن ستاروں کی خدمات کا اعتراف کیا گیا ہے

برامپٹن، آن (11 دسمبر 2019): سٹی آف برامپٹن کے دوسرے سالانہ ایکسیسبلٹی ایوارڈ کے تازہ ترین فاتحین میں ایک اسپورٹس کوچ، ایک ایونٹ پلانر اور معذوری کے حامل افراد کی جانب سے معذور لوگوں کے لیے چلائی جانے والی ایک تنظیم کو شامل کیا گیا ہے۔

نامزدگیوں کا تعین معذور افراد کے لیے رسائی کے اقدامات میں سبقت لے جانے، معذور افراد کے لیے رسائی کے حوالے سے آگاہی پھیلانے، معذور افراد کے لیے موزوں کسٹمر سروس فراہم کرنے، معذور افراد کو کمیونٹی میں شرکت کرنے میں مدد دینے کے لیے مواقع فراہم کرنے اور ملازمت کے مساوی مواقع فراہم کرنے جیسے شعبوں میں ان کے کردار کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔

ایوارڈ کے وصول کنندگان وہ روشن مثالیں ہیں جو یہ بتاتی ہیں کہ برامپٹن کے شہری معذوری کے حامل افراد کو کیسے با اختیار بنا رہے ہیں اور ان کی ان بیش قدر خدمات کا اعتراف 10 دسمبر کو استقبالیہ پر کیا گیا ہے۔

کمیونٹی ممبسر ایوارڈ: کین ہال، کوچ – جسمانی معذوری کے حامل افراد کے لیے کروزر اسپورٹس
کین جسمانی معذوری کے حامل افراد کے لیے کروزر اسپورٹس کے لیے پیرا آئس ہاکی اور ٹریک اینڈ فیلڈ کا ایک رضاکار کوچ ہے۔ وہ معذوری کے حامل افراد کا ایک زبردست حمایتی ہے اور کھیلوں کو تمام افراد کے لیے قابلِ رسائی بنانے کے لیے اپنی زندگی کے بے شمار قیمتی سال وقف کر چکا ہے۔ برامپٹن میں کروزرز اور قابل رسائی کھیلوں کے لیے ان کا جذبہ اور عزم لاثانی ہے۔

بزنس ایوارڈ: اینڈریا زیکرے، DEF ایونٹس اینڈ بیانڈ کی بانی
اینڈریا زیکرے ایک ایونٹ پلانر ہیں جن کی توجہ کا مرکز سماعت رکھنے اور نہ رکھنے والے افراد یا قوت سماعت کے مسائل سے دوچار افراد کے درمیان فاصلوں کو ایسے سماجی ماحول کے ذریعے ختم کرنا ہے جہاں وہ ایک دوسرے تک اپنی بات پہنچانا سیکھ سکیں۔ ان کا مقولہ ہے کہ 'سماعت سے محروم شخص سب کچھ کر سکتا ہے' اور تبدیلی کی ایک محرک کے طور انہوں نے رکاوٹوں کو توڑنے، دوسرے کو تعلیم دینے، حوصلہ افزائی کرنے اور متاثر کرنے کا اپنا کام جاری رکھا ہوا ہے۔

کمیونٹی گروپ ایوارڈ: کینیڈین ساؤتھ ایشینز سپورٹنگ انڈوجوُلز لِوّنگ
کینیڈین ساؤتھ ایشینز سپورٹنگ انڈوجوُلز لِوّنگ کا مقصد جنوبی ایشیا سے تعلق رکھنے والے معذوری کے حامل افراد کو اپنی زندگی کے مقاصد حاصل کرنے اور ایک بااختیار اور باوقار زندگی گزارنے میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ یہ تنظیم معذور افراد کے لیے رسائی کو ممکن بنانے کے حوالے سے آگاہی اور ان کے حقوق کو فروغ دینے کے لیے کام کرتی ہے اور ایسے افراد اور اُن کے خاندانوں کے لیے معاونتی نیٹ ورک بناتی ہے۔

اقتباسات:
"ایوارڈ کے وصول کنندگان نے خودمختار زندگی میں معاونت کے اپنے عزم کے لیے حقیقی اور عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے معذوری کے حامل افراد کو اعتماد اور وقار کے ساتھ زندگی گزارنے کے قابل بنایا ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ معذور افراد کمیونٹی کے متحرک، مصروفِ عمل اور قیمتی ارکان ہیں۔ سٹی کی توجہ کا مرکز اپنی خدمات اور پروگراموں میں مزید بہتریاں لا کر انہیں زیادہ قابلِ رسائی بنانا ہے اور اپنے شہر میں بسنے والی رنگا رنگ کمیونٹیوں کی خوبصورتی میں اضافہ کرنا ہے۔"

- میئر پیٹرک براؤن

"ایکسیسیبلٹی ایڈوائزری کمیٹی میں کونسل کے ایک نمائندہ کے طور پر رسائی کی راہ میں حائل کئی اقسام کے مسائل مجھے سننے کو ملتے ہیں۔ ہم کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے ان لوگوں کے متعلق مزید آگاہی پھیلانے کا عمل جاری رکھیں گے جو اپنی روزمرہ کی زندگیوں اور اپنے کام کی جگہوں میں رسائی اور شمولیت میں سبقت لے رہے ہیں اور برامپٹن کو مختلف عمروں اور صلاحیتوں کے حامل افراد کے لیے مزید قابل رسائی بنانے کے لیے سخت کوششیں کر رہے ہیں۔"

- *ریجنل کونسلر پیٹ فورٹینی، ایکسیسیبلٹی ایڈوائزری کمیٹی کونسل ممبر*

30--

BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

کینیڈا کے تیز ترین ترقی کرنے والے ایک شہر کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباری اداروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر کام کا مرکز نگاہ ہمارے لوگ ہوتے ہیں۔ ہماری متنوع کمیونٹیاں ہمیں توانائی بخشتی ہیں، ہم سرمایہ کاری کو مرغوب کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی اختراع کے سفر میں قائدانہ حیثیت رکھتے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال

کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ

اسٹریٹیجک کمیونیکیشن

سٹی آف برامپٹن

905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca